نقد و تبصرہ

نام کتاب : : توضیحی فہرست مخطوطات کتب خانہ ہمدرد۔ طبی علوم، جلد اوّل۔

مرتب : : مولوی فضل اللہ فاروقی ندوی ۔ صفحات : ۱۸۴

ناشر : ہمدرد فاؤنڈیشن، کراچی ۔ قیمت : -/۳۰ روپے

کتب خانہ ہمدرد کراچی کے شعبۂ مخطوطات میں محفوظ طبی مخطوطات کی توضیحی فہرست ہے مرتب فہرست مولوی فضل اللہ فاروقی ندوی صاحب نے بڑی ذمہ داری، کاوش اور جستجو کے بعد حتی الامکان ایک ایک مخطوطہ سے متعلق جملہ تفصیلات مصنّف، کاتب، سال کتابت، خط، قدامت فنی اہمیت اور اگر مخطوطات پر مہریں ہیں تو ان کو پڑھ کر ان کی وضاحت کی پوری کوشش کی ہے۔ فہرست مخطوطات علمی دنیا اور حوالہ جاتی ذخائر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

کتاب کا ڈسٹ کور نہایت جاذب نظر ہے جس پر متعدد مخطوطات کے صفحات کے مختصر اور مختلف عکس ہیں جو فہرست کی اندرونی خوبیوں کی پرکشش عکاسی کرتے ہیں۔

مقدمہ کتاب میں چند ایسے اہم مخطوطات کی نشاندہی کی گئی ہے کہ جن کا واحد معلوم نسخہ لائبریری میں محفوظ ہے۔ کتاب میں اہم مخطوطات مثلاً القانون اور تذکرۃ الکحالین، کے صفحات کے عکس بھی شامل ہیں جس سے قاری کو ان نسخوں کی قدامت اور خط کا اندازہ ہوتا ہے۔

انگریزی داں کی آسانی کے لئے لاطینی رسم الخط میں بھی مخطوطات کے نام، مصنف، زبان، کاتب سالِ کتابت بھی دیئے گئے ہیں۔ کتاب کے آخر میں فہرست اسمائے مصنفین اور فہرست اسمائے کتب درج ہیں جس سے قاری نہایت آسانی سے اپنے مطلوبہ مصنف یا مطلوبہ کتب کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتا ہے۔

تمام خوبیوں کے ساتھ ساتھ اگر کاغذ چکنا نفیس ہوتا تو فہرست مخطوطات کی توانائی برسوں رہتی۔ باریک کاغذ ہونے کی وجہ سے دوسری جانب کی عبارت کی جھلک نظر آتی ہے لیکن یہ نقص کتاب کی خوبیوں کے مقابلے میں کوئی خاص اہمیت نہیں رکھتا۔ امید ہے کہ ملک اور بیرون ملک مقیم علم دوست حضرات اس کتاب کا خیر مقدم کریں گے۔

(ڈاکٹر محمد مسعود)